حضرت خالد بن ولیدؓ مسجد و مدرسہ جامعہ نعمانیہ

زیر نگرانی: نعمان ویلفیئر ایجوکیشنل و چاریٹیبل ٹرسٹ

H Khalid Bin Waleed Masjid O Madrasa Jamia Nomaniyah

Under The management of: NOMAN WELFARE EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST ®


# ضروری درخواست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدو مصلیاں علی رسولہ الکریم امابعد قال اللہ تعالی (وتعاونوا علی البر والتقوی) محترمان و مکرمان، قدردان ذمہ داران مساجد و مدارس فیڈریشن چامراج پیٹ گوری پالیہ حلقہ بنگلور السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آپ حضرات کی خدمت میں بہت ضروری معروضات لے کر یہ ادارہ جامع نعمانیہ حضرت خالد بن ولیدؓ مسجد آیا ہے تقریباً آپ تمام مساجد فیڈریشن والے بخوبی واقف ہیں جو مسئلہ ہمیں درپیش ہے خلاصۃ (جگہ کا معاملہ جو رمضان سے اب تک رکا ہوا ہے جو جگہ ہم نے مسجد اور مدرسے کے نام پر 17 کراس 10 مین روڈ پادرائن پورہ بنگلور۔26 میں خریدی ہے۔ یہ معاملہ جناب بی کے الطاف صاحب کے پاس چل رہا ہے وہ اسے ہینڈل کررہے ہیں انہوں نے کہا تھا کہ روی پرسادا پنے آفس کے اوپر عارضی مدرسہ بنا کردے گا وہاں اپ لوگوں کو منتقل ہونا ہے 10 سے 15 دن کے اندر تین ماہ کے لئے یہ بات تقریبا نو تاریخ پانچواں مہینہ 2024 کو آن جناب کے گھر میں طے کی گئی تھی تمام لوگوں کے سامنے جس کی تصاویر موجود ہیں اور اس وقت یہ بھی طے کیا گیا تھا کہ فورا جگہ بیچ کر یعنی فروخت کر کے دوسری جگہ خریدنا ہے خریدلو۔ چونکہ مساجد والوں نے عارضی جگہ دینے سے معذرت کرلی تو ایک دلت بھائی ہمیں مدرسے کے لیے جگہ دے رہا ہے عارضی جگہ یعنی ہماری جگہ فروخت کرکر دوسری جگہ لینے تک۔ یہ بات آج سے چھ ماہ پہلے کی بات ہے اور اوپر جو ابھی چند باتیں ذکر کی گئی ہیں وہ سچویشن اور اب کی موجودہ صورتحال اس سے کچھ مختلف نہیں ہے یعنی ابھی بھی ہمیں وہ مسئلہ درپیش ہے۔ آں جناب کا بار بار کہنا ہے کہ غیروں کے علاقے میں مسجد مدرسے کے نام پر جگہ لے کر فساد مچانے کا ارادہ ہے وغیرہ وغیرہ۔ اور ایک ہم سے جو خطا ہوئی بقول ان کے ہم نے ابھی گزشتہ ہفتے بہت اشد ضرورت کے پیش نظر بہت پریشانیوں میں سے ایک پریشانی کا عارضی حل نکالنے کی کوشش کی یعنی چند بیت الخلاء بنالیے آپ سمجھ سکتے ہیں کہ 50 سے 60 طلبہ کرام کے لیے صرف اور صرف ایک ادھورا بیت الخلا ناکافی ہے، الغرض جس کی وجہ سے دوبارہ آں جناب بہت زیادہ غصہ ہو گئے اور انہوں نے دوبارہ پولیس اسٹیشن میں ایک درخواست جمع کرنے کو کہا اور اس میں یہ ساری باتیں لکھی جائیں کہ اگر ایک اینٹ بھی دوبارہ رکھنے کی کوشش کریں تو سخت کاروائی کی جائے۔ اور آپ سمجھ سکتے ہیں کہ آں جناب کا غصہ کہاں تک پہنچا سکتا ہے۔ اور دوسری بات ان کے غصہ ہونے کی یہ ہے کہ وہاں کے غیر مسلمان جو کانگریس پارٹی کے ورکرز ہیں وہ اپنی پارٹی چھوڑ کر بی جے پی کو منتقل ہونے کی بات کہہ رہے ہیں اب چونکہ پارٹی کا مسئلہ بن چکا ہے بذات خود چند غیر مسلمانوں نے یہ بات مجھ سے کہی ہے کہ ہم پارٹی چھوڑ کر دوسری پارٹی میں منتقل ہوجائیں گے وغیرہ وغیرہ۔ یہ

بات بذات خود چند غیر مسلمانوں نے مجھ سے کہی ہے بہر حال آپ لوگوں کی خدمت میں یعنی گوری پالیہ مساجد فیڈریشن کی خدمت میں بہت ہی امید کے ساتھ دردمندانہ اپیل لے کر محلے کا ایک اہم تقاضہ پیش کر رہا ہوں، موجودہ جگہ سے روکنے والے چونکہ خود ہمارے سیاسی و بارسوخ افراد ہیں اوران کا بار بار کہنا ہے کہ فساد ہو جائے گا واللہ اعلم بالثواب

میں نے یعنی مدرسے کی جانب سے جب یہ کہا کہ ٹھیک ہے اگر واقعی پریشانی ہے اس جگہ سے تو فوراً دوسری جگہ مہیا کریں ہم ہماری جگہ جو رجسٹر کے موقع پر روک دی گئی تھی اس کو ہم اس دوسری جگہ کے بدلے دے دیں گے یعنی ایکسچینج کرنے کے لیے ہم تیار ہیں لیکن انہوں نے اس کا کوئی معقول جواب نہیں دیا اور ہمیں بار بار ایک بات کہہ کر روانہ کر دیا کہ روی پرساد عارضی مدرسہ بنا کر دے گا تمہیں وہاں جانا ہے بہر حال ہمیں مسئلے کا صحیح حل نہیں دیا گیا جس کی بنیاد پر ہم پریشان ہیں کہ جگہ ایا فروخت کریں یا نہ کریں اور اگر فروخت جیسا کہ عنقریب ان شاء اللہ ہو جائیگی تو دوسری جگہ کہاں لیں۔ یہ ایک مسئلہ ہے نوٹ: میں آپ کے سامنے اس وقت جو مسئلہ بیان کر رہا ہوں اسی دوران ان احباب نے جنہوں نے کمپلینٹ کی ہے یعنی غیر مسلمانوں نے انہوں نے مجھے دو باتیں کہی طعنہ دیتے ہوئے کہ ہمیں آپ پر جو معاملہ بیت رہا ہے اس کی وجہ سے ہمیں آپ پر ترس آ رہا ہے کہ اگر ہمارے مذہب والوں میں سے کسی کے ساتھ ایسا ہوتا تو ہم ایک دن میں اپنا ادارہ بنا کر دکھاتے چھ ماہ تک یوں سڑنے کے لیے نہیں چھوڑتے جبکہ ایم ایل اے کونسلر اور اسی طریقے سے مسلمانوں کی اکثریت والا علاقہ پھر بھی انہوں نے آپ کی کچھ مدد نہیں کی اس بات پر ہمیں بڑا ترس آتا ہے۔ اور دوسری بات یہ کہی کہ تمہارے لوگ ہی تمہاری ٹانگ کھینچ رہے ہیں یہ موقع یقیناً ہمیں بڑا ہی شرمسار کر دینے والا موقع ہے اور ہماری ضمیر کو جھنجھوڑ دینے والا ہے، میں آپ لوگوں سے درخواست کرتا ہوں، اپیل کرتا ہوں کہ اس مسئلے کو فوراً حل کریں اگر احقر سے یعنی میرے سے آپ کو کوئی تکلیف ہوئی ہو کسی بھی معاملے میں، میں دل کی گہرائیوں سے خالص اللہ کے لیے معافی کا طلبگار ہوں آپ تمام ہی ذمہ داران سے، اسی کے ساتھ میں ایک بات کہنا چاہوں گا آپسی غصے کی بنیاد پر ہمیں غیروں کے ہاتھ روندنے کا موقع نہ دیں عین نوازش ہوگی۔ اور اس ادارے کو آباد کرنے میں ہمارا پورا پورا ساتھ دیں یقیناً اس کی بنیاد تقوے پر رکھی گئی ہے یہ ایک شعبہ عالیت کا ادارہ ہے جس میں حفظ اور ناظرہ اور دیگر تعلیمی شعبہ جات قائم کرنے کا عزم مسمم ہے لہذا آپ تمام محلے کے سربراہ حضرات اللہ کے اس گھر کو آباد کرنے میں پورا پورا تعاون کریں معاونت کریں ہر اعتبار سے۔

اللہ ہم تمام کو حسد سے کینہ، بغض، عداوت سے محفوظ فرمائے اور ہمارے خطاؤں کو درگزر فرمائے جزاکم اللہ خیرا واحسن الجز